© rasailojaraid.com



# غزل

از

(جناب شارق میرٹھی ایم۔ اے)

کیں خرد نے ہزار تدبیریں سامنے آگئی ہیں تقدیریں
اپنی ہستی پہ اک نگاہ تو ڈال ظلمتوں میں نہاں ہیں تنویریں
خامشی پر نہ جا مری ظالم میں نے چپ رہ کے کی ہیں تقریریں
اور کیا ہے جہاں کے پردے پر میری نظریں تمہاری تصویریں
اب تو لگ جائے آگ ہی دل میں دیکھ لیں ضبطِ غم کی تاثیریں
میں تو اک آہ کر کے ہوں خاموش اب کرے کون غم کی تفسیریں
کیں نہیں ملکہ ہو گئیں شارق
ہیں کچھ ایسی بھی اپنی تقصیریں

# قرآن مجید معرّیٰ

یہ قرآن مجید اپنی خصوصیتوں کے لحاظ سے بے مثل ہے اس کا خط بہت صاف اور روشن ہے ہر لفظ جدا جدا ہے اس میں بچے بہت آسانی سے حفظ کر سکتے ہیں اس کا ہر پارہ علیحدہ ہے۔ ہر صفحہ کی آخری سطر پر آیت ختم کی گئی ہے ہر منزل پر بہت عمدہ بیل بنی ہوئی ہے، ہر سورت کی تمام آیتوں پر شمار کے ہندسے دئے گئے ہیں صحت کا غیر معمولی اہتمام کیا گیا ہے۔ بہترین طباعت تقطیع $\frac{26\times 20}{8}$ کاغذ سفید گلیز نہایت صحیح جدید ترین ایڈیشن ہدیہ بلا جلد تین روپے آٹھ آنے مجلد چرمی چھ روپے چار آنے مجلد پارچہ چار روپے آٹھ آنے للعہ

© rasailojaraid.com